ماڈیول ۱۹

حدیث نمبر30

حدودِ شریعت کی پاسداری

حضرت ابو ثعلبہ الخشنی رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت ہے۔وہ فرماتے ہیں کہ نبی ﷺ نے ارشاد فرمایا:

"اللہ نے کچھ فرائض فرض کیے ہیں، انہیں ضائع نہ کرو۔اللہ نے کچھ حد بندیاں طے کی ہیں، ان کے اصول سے آگے نہ بڑھو۔اللہ نے کچھ چیزیں حرام کر دی ہیں، انہیں نہ چھوڑو۔اللہ نے کچھ چیزوں کے بارے میں خاموشی اختیار کی ہے، ان کی طرف قریب نہ جاؤ۔"

اس حدیث میں نبی ﷺ نے دین کے تمام احکامات کو چار اقسام میں تقسیم کیا ہے:

1. **فرض:** وہ اعمال جو اللہ نے فرض کیے ہیں، جیسے نماز، زکوۃ، روزہ، حج، اور ایمان لانا۔جو ان چیزوں کو چھوڑ دیتا ہے یا سنت کے خلاف ادا کرتا ہے، اس کے اعمال برباد ہو جاتے ہیں۔
2. **حدود:** اللہ کی طرف سے کچھ چیزوں کی حد بندی یا اصول ہیں، جنہیں پار نہیں کیا جا سکتا۔جیسے وراثت کے معاملات میں اللہ نے سب کے حصے مقرر کیے ہیں کہ کس کو کتنا ملنا ہے۔
3. **حرام:** وہ چیزیں جو اللہ نے حرام کی ہیں، جیسے شراب، زنا، چوری، رشوت، اور قتل۔
4. **خاموشی:** وہ چیزیں جن کے بارے میں اللہ نے خاموشی اختیار کی ہے اور ان کی تحقیق یا تلاش جائز نہیں۔

نبی ﷺ نے اس حدیث کے ذریعے ہمیں بتایا کہ دین میں کچھ چیزیں فرض ہیں جنہیں ادا کرنا ضروری ہے، کچھ چیزیں حرام ہیں جن سے بچنا لازم ہے، اور کچھ چیزیں ایسی ہیں جن پر اللہ کی طرف سے خاموشی ہے، ان کے بارے میں سوالات یا تحقیقات کرنے کی اجازت نہیں۔

اس حدیث سے ہم سمجھ سکتے ہیں کہ جو چیز اللہ نے فرض کی ہے، اسے ہماری زندگی میں اپنانا ضروری ہے اور جو چیز اللہ نے حرام کی ہے، وہ ہمارے لیے ناقابل قبول ہے۔ اگر ہم اپنی زندگی میں اللہ کے فرائض کو ادا کرتے ہیں اور حرام سے بچنے کی کوشش کرتے ہیں، تو ہم اپنی زندگی کو دین کے اصولوں کے مطابق چلا رہے ہیں۔

حدیث نمبر 31

دنیا سے بے رغبتی

حضرت ابو عباس، سہل بن سعد الساعدی رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت ہے۔ انہوں نے فرمایا:

"ایک آدمی نے نبی ﷺ سے کہا، 'یا رسول اللہ ﷺ! مجھے ایسا عمل بتائیں، جو اگر میں اس پر عمل کروں تو اللہ مجھ سے محبت کرے گا اور لوگ بھی مجھ سے محبت کریں گے۔' نبی ﷺ نے فرمایا: 'دنیا سے زہد (بے رغبتی) اختیار کرو، اللہ تم سے محبت کرے گا، اور جو لوگوں کے پاس مال ہے، اس سے بے رغبت ہو جاؤ، لوگ تم سے محبت کریں گے۔'"

اس حدیث میں نبی ﷺ نے دنیا سے بے رغبتی اختیار کرنے کی اہمیت بتائی ہے۔ زہد کا مطلب ہے دنیا کی چیزوں سے اپنی خوشی اور دلچسپی کو دور رکھنا اور اپنا رجحان صرف اللہ کی طرف کرنا۔ آپ ﷺ نے فرمایا کہ اگر انسان دنیا کی چیزوں سے اپنی بے رغبتی دکھائے، تو اللہ اس سے محبت کرے گا اور لوگ بھی اس سے محبت کریں گے۔

زہد کا مطلب یہ نہیں کہ انسان اپنی ضرورت کی چیزوں کو چھوڑ دے۔ زہد کا مطلب یہ ہے کہ انسان دنیا سے محبت کم کرے اور اپنا دل اللہ کی طرف لگائے۔ آج کل ہم دیکھتے ہیں کہ ہم دنیا کی چیزوں میں اتنے مصروف ہو جاتے ہیں کہ اپنی روحانیت اور عبادت کو بھول جاتے ہیں۔ اس حدیث میں نبی ﷺ نے ہمیں یاد دلایا کہ اصلی محبت اللہ کی طرف ہونی چاہیے، اور اگر ہم دنیا کی چیزوں سے بے رغبت ہو جائیں، تو اللہ ہم سے محبت کرے گا اور لوگ بھی ہمیں پسند کریں گے۔

نبی اکرم ﷺ نے فرمایا کہ اس دنیا میں ایسے رہو جیسے تم غریب ہو یا مسافر ہو۔

یہ حدیث انسان کو دنیا کی محبت سے دور کرنے اور اپنے دل کو اللہ کے لیے پاک کرنے کی طرف رہنمائی کرتی ہے۔ اگر ہم اپنی زندگی کو اللہ کی رضا کے مطابق چلائیں گے، تو ہم اللہ کے قریب ہوں گے اور دوسرے لوگ بھی ہمیں اپنائیں گے۔

حدیث نمبر32

ضرر اور ضرار کی ممانعت

حضرت ابو سعید الخدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، انہوں نے فرمایا:

"نبی ﷺ نے فرمایا: 'نہ تو کسی کو ابتدا میں نقصان پہنچانا جائز ہے، اور نہ ہی بدلہ لینے کے لیے کسی کو نقصان پہنچانا جائز ہے۔'"

اس حدیث میں نبی ﷺ نے دو قسم کے نقصان کی ممانعت کی ہے:

1. **ضرر:** یہ وہ نقصان ہے جو کسی کو ابتدا میں بغیر کسی وجہ کے دیا جائے، جو ہر حال میں حرام ہے۔
2. **ضرار کا بدلہ:** یہ وہ نقصان ہے جو آپ کسی سے نقصان لینے پر بدلے میں انہیں نقصان پہنچاتے ہیں، جو بھی آپ کے لیے جائز نہیں ہے۔

نبی ﷺ نے یہ بتایا کہ نہ تو آپ کسی کو ابتدا میں نقصان پہنچائیں گے، اور نہ ہی اگر کسی نے آپ کو نقصان دیا ہو تو آپ اس سے بدلہ لینے کی کوشش کریں۔ اس حدیث کا مطلب یہ ہے کہ اسلام نے صبر اور توکل کی تعلیم دی ہے، اور اگر کوئی آپ کو نقصان پہنچائے، تو بہتر ہے کہ آپ بدلہ لینے کے بجائے ریاست کے پاس جائیں یا صبر سے کام لیں۔ اگر آپ بدلہ لیں گے تو آپ اپنی نیکی اور ایمان کو نقصان پہنچائیں گے۔

یہ حدیث ہمیں سکھاتی ہے کہ اسلام میں صبر اور انصاف کا اصول ہے، اور آپ کو اپنے حقوق کے لیے صبر کرنا چاہیے۔ اگر آپ کو نقصان پہنچایا گیا ہو، تو بدلہ لینے کے بجائے اس کا سامنا صبر سے کریں یا ریاست کے پاس جائیں۔

حدیث نمبر 33

ہر مدعی پر دلیل لازمی ہے

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی ﷺ نے ارشاد فرمایا:

"اگر لوگوں کو ان کے دعوے پر ہی دے دیا جائے، تو بہت سے لوگ لوگوں کے مال اور خون کا دعویٰ کریں گے۔ لیکن دلیل لانا دعویٰ کرنے والے (مدعی) پر فرض ہے اور جو انکار کرے (مدعا علیہ) اس کے لیے قسم ہے۔"

اس حدیث میں نبی ﷺ نے ایک بہت اہم شریعتی اصول کا ذکر کیا ہے جو لوگوں کے درمیان جھگڑے اور تنازعات کے فیصلے کا بنیادی قانون ہے۔ ہر تنازعے میں دو فریق ہوتے ہیں: مدعی (جو دعویٰ کرتا ہے) اور مدعا علیہ (جس پر دعویٰ ہوتا ہے)۔ نبی ﷺ کا ارشاد ہے کہ مدعی پر دلیل لانا فرض ہے، اور مدعا علیہ کے لیے قسم اٹھانا ضروری ہے اگر وہ دعویٰ کو انکار کرے۔

یہ حدیث انصاف اور عدل کا بہت بڑا اصول ہے، جس میں نبی ﷺ نے بتایا کہ فیصلے صرف دعویٰ کرنے پر نہیں دیے جا سکتے۔ ہر شخص کو اپنے دعویٰ کے لیے دلیل اور ثبوت پیش کرنا ضروری ہے۔

پہلے مدعی سے ثبوت لانے کا کہا جائے گا، اگر وہ ثبوت لے آیا اور مدعا علیہ نے انہیں قبول کر لیا، تو مدعی کے حق میں فیصلہ کر دیا جائے گا۔ اگر مدعی اپنے دعویٰ کا ثبوت نہیں لا سکتا یا ثبوت کمزور ہے، تو مدعا علیہ قسم اٹھائے گا کہ وہ دعویٰ غلط ہے، تو اس کے حق میں فیصلہ کر دیا جائے گا۔ اور اگر وہ قسم اٹھانے سے انکار کرتا ہے تو فیصلہ مدعی کے حق میں ہو جائے گا۔

اس حدیث کا مقصد یہ ہے کہ لوگ بے بنیاد الزامات نہ لگائیں اور اپنے دعویٰ کے لیے دلیل اور ثبوت کے ساتھ آئیں۔ یہ اصول آج کے زمانے کے قاضی یا جج کے لیے بھی اہم ہے، جہاں فیصلے ثبوت اور دلیل کی بنیاد پر ہوتے ہیں۔

Hadith Number 30

Hudood-e-Shariat ki Pasdaari

Hazrat Abu Sa'labah al-Khashani رضي الله تعالی عنہ se riwayat hai. Woh farmate hain ke Nabi ﷺ ne irshad farmaya, "Allah ne kuch farz farz kiye hain, unhein zaya na karo. Allah ne kuch hadbandiyan tay ki hain, unke usool se aage na bado. Allah ne kuch cheezain haram kar di hain, unhe na choro. Allah ne kuch cheezon ke bare mein khamoshi ikhtiyar ki hai, unki taraf qureyed na karo."

Is hadith mein Nabi ﷺ ne deen ke tamam hukoomat ko chaar categories mein divide kiya hai:

1. Farz: Wo amaal jo Allah ne farz kiye hain, jaise namaz, zakat, roza, hajj, imaan lana, waqaar se amal karna.Jo in chezo ko chor deta hai ya sunnat kay khilaf ada kiya to us kay amal barbad hojatey hain.

2. Hudood: Allah ki taraf se kuch cheezon ki limit ya had bandi, jinhein cross nahi kiya ja sakta.Jaise wirasat kay mamle me Allah ne sab ke had band de hai, kis ko kitna milna hai.

3. Haram: Wo cheezain jo Allah ne haram ki hain, jaise sharaab, zina, chori, rishwat, aur qatal.

4. Khamoshi: Wo cheezain jinke baare mein Allah ne khamoshi ikhtiyar ki hai, aur unki taraf qureyed ya talaash karna jaiz nahi.

Nabi ﷺ ne is hadith ke zariye humein bataya ke deen mein kuch cheezain farz hain jo humein ada karni chahiye, kuch cheezein haram hain jinse humein bachna chahiye, aur kuch cheezain aise hain jo sirf Allah ki taraf se chohrii hui hain. Humein unka pata nahi karna chahiye aur un mein taqraar ya bahas nahi karni chahiye.

Is hadith se hum samajh sakte hain ke jo cheez Allah ne farz ki hai, usse humari zindagi mein apnaana farz hai aur jo cheez Allah ne haram ki hai, usse hamare liye haram hai. Agar hum apne zindagi mein Allah ke faraiz ko ada karte hain, aur haram se bachne ki koshish karte hain, to hum apni zindagi ko deen ke usoolon ke mutabiq chala rahe hain.

Hadith Number 31

Duniya se Be-Raghbati

Hazrat Abi Abbas, Sahal bin Saad al-Saadi رضي الله تعالی عنہ se riwayat hai. Unhon ne farmaya: “Aik aadmi ne Nabi ﷺ se kaha, 'Ya Rasul Allah ﷺ! Mujhe aisa amal bataiye, jo agar main is par

amal karoon, toh Allah mujh se mohabbat karega aur log bhi mujh se muhabbat karenge.' Nabi ﷺ ne farmaya: 'Duniya se zohd (be-raghbati) ikhtiyar karo, Allah tumse muhabbat karega aur jo logon ke paas maal hai, usse be-raghbat ho jao, log tumse muhabbat karenge.'"

Is hadith mein Nabi ﷺ ne duniya se be-raghbati ikhtiyar karne ki ahmiyat batayi hai. Zohd ka matlab hai duniya ki cheezon se apni khushi aur dilchaspi ko dur rakhna, aur apna rujhan sirf Allah ki taraf karna. Aap ﷺ ne farmaya ke agar insaan duniya ki cheezon se apni be-raghbati dikhaye, toh Allah usse mohabbat karega aur log bhi usse mohabbat karenge.

Zohd ka matlab yeh nahi hai ke insan apni zaroorat ki cheezon ko chhod de. Zohd ka matlab yeh hai ke insaan apni duniya se mohabbat kam kare, aur apna dil Allah ki taraf lagaaye. Aaj kal hum dekhte hain ke hum apni duniya ki cheezon mein itna masroof ho jate hain ke hum apni rohaniat aur ibadat ko bhool jate hain. Is hadith mein Nabi ﷺ ne humein yaad dilaya ke asli muhabbat Allah ki taraf honi chahiye, aur agar hum duniya ki cheezon se be-raghbat ho jaaye, toh Allah humse mohabbat karega aur log bhi humein pasand karenge.Nabi Akram ﷺ ne farmaya ki is duniya me is tarah raho kay tum ghareeb ho ya musafir ho.

Yeh hadith insaan ko duniya ke mohabbat se door karne aur apne dil ko Allah ke liye paak karne ki taraf rehnumai karti hai. Agar hum apni zindagi ko Allah ki raza ke mutabiq chalayenge, toh hum Allah ke nazdeek honge aur doosre log bhi humein apnaayenge.

Hadith Number 32

Zarar aur Zaraar ki Mamna'at

Hazrat Abu Sa'id al-Khudri رضي الله تعالی عنه se riwayat hai, unhon ne farmaya, "Nabi ﷺ ne farmaya: 'Na to kisi ko shuruwat mein nuqsan pohanchana jaiz hai, aur na hi badla lene ke liye kisi ko nuqsan pohanchana jaiz hai.'"

Is hadith mein Nabi ﷺ ne do qisam ke nuqsan ki mamna'at ki hai:

Zarar: Yeh wo nuqsan hai jo kisi ko shuruwat mein bina kisi wajeh ke diya jaaye, jo har haal mein haram hai.

Zarar ka badla: Yeh wo nuqsan hai jo aap kisi se nuqsan lene par badle me unhe nuqsan pohanchate hain, jo bhi aapke liye jaiz nahi hai.

Nabi ﷺ ne yeh bataya ke na to aap kisi ko shuruwat mein nuqsan pohanchayenge, aur na hi agar kisi ne aapko nuqsan diya ho toh aap usse badla lena chahiye. Is hadith ka matlab yeh hai ke Islam mein sabr aur tawakul ka talqeen ki hai, aur agar koi aapko nuqsan pohanchaye, to riyasat kay pas jaye,khud badla na leh, behtar hai aap badla lene ki bajaye uska sabr se samna karen ya

riyasat kay pas jaye. Agar aapne badla liya toh aap apni neiki aur imaan ko nuqsan pohanchayenge.

Yeh hadith humay sikhata hai ke Islam mein sabr aur insaf ka dalil hai, aur aapko apne huqooq ke liye sabr karna chahiye, aur agar aapko nuqsan pohanchaye gaya ho toh aap badla lene ki bajaye usse mazid sabr se kaam lein.

Hadith Number 33:

Har mada'e par Daleel Lazmi Hai

Hazrat Ibn Abbas رضي الله تعالى عنه farmate hain ke Nabi ﷺ ne irshad farmaya:
"Agar logon ko unke da’wah par hi de diya jaye, to bohat se log logon ke maal aur khoon ka da’wah karenge. Lekin daleel lana da’wah karne wale (mada'e) par farz hai aur jo inkaar kare (mad’aa alaihi) uske liye qasam hai."

Is hadith mein Nabi ﷺ ne ek bohot ahem shari’i usool ka zikr kiya hai jo logon ke darmiyan jhagde aur tanaza’at ke faislay ka buniyadi qanoon hai. Har tanaza’ mein do fareeq hote hain: mada'e (jo da’wah karta hai) aur mad’aa alaihi (jis par da’wah hota hai). Nabi ﷺ ka irshad hai ke mada'e par daleel lana farz hai, aur mad’aa alaihi ke liye qasam uthana zaroori hai agar wo da’wah ko inkaar kare

Yeh hadith insaf aur adal ka bohat bara usool hai, jismein Nabi ﷺ ne bataya ke faislay sirf da’wah karne par nahi diye ja sakte. Har shakhs ko apne da’wah ke liye daleel aur saboot pesh karna zaroori hai.Pehle mada’e se saboot lana ka kaha jayega, agar woh saboot le aya aur mad’aa alaihi ne un ko qabool kar liye, to mada’e kay haq me faisla kar diya jaega. Agar mada'e apne da’wah ka saboot nahi la sakta ya saboot kamzor hai, to mad’aa alaihi qasam uthayega ke wo da’wah ghalat hai, to us kay haq me faisla kar diya jaega.Aur agar woh qasam uthane se inkaar karta hai to faisla muda’e kay haq me ho jayega.

Is hadith ka maqsad yeh hai ke log be-buniyad ilzamat na lagayein aur apne da’wah ke liye saboot aur daleel ke saath aayen. Yeh usool aaj ke zamane ke qazi ya judge ke liye bhi ahem hai, jahan faislay saboot aur daleel ki buniyad par hote hain.